© rasailojaraid.com



☆ چیچہ وطنی کی جامع مسجد کے دیرینہ خادم بھائی محمد اقبال کی اہلیہ ۵؍اگست جمعۃ المبارک کو انتقال کرگئے۔

☆ ممتاز صحافی اور کالم نگار مجاہد ختم نبوت جناب محمد رفیق غوری مرحوم (لاہور) انتقال ۲۵؍اگست ۲۰۱۶ء

☆ ممتاز عالم دین اور محقق حضرت مولانا محمد نافع رحمہ اللہ کے بڑے فرزند میاں محمد مختار عمر ۲۲؍ذیعقدہ ۱۴۳۷ھ/ ۲۶؍اگست ۲۰۱۶ء بروز جمعہ مکہ مکرمہ میں انتقال کرگئے۔ مرحوم سفرحج پر تھے۔ بعد نماز جمعہ حرم شریف میں نماز جنازہ ادا کی گئی۔

احباب و قارئین سے درخواست ہے کہ تمام مرحومین کے لیے ایصالِ ثواب اور دعاءِ مغفرت کا خاص اہتمام فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ سب کی مغفرت فرمائے، حسنات قبول فرمائے اور اعلیٰ علیین میں جگہ عطاء فرمائے۔ پسماندگان کو صبر جمیل اور اجر عظیم عطاء فرمائے۔

## دعاءِ صحت

- مجلس احرار اسلام کے مرکزی رہنما ابن امیر شریعت مولانا سید عطاء المومن بخاری دامت برکاتہم شدید علیل ہیں۔
- مدیر نقیب ختم نبوت سید محمد کفیل بخاری کی پھوپھی صاحبہ اور سید محمد اویس بخاری (گوجرانوالہ) کی والدہ شدید علیل ہیں۔
- حضرت مولانا خواجہ خان محمد رحمتہ اللہ علیہ کے فرزند گرامی جناب خواجہ رشید احمد صاحب گزشتہ کئی ماہ سے کومے میں ہیں
- مجلس احرار اسلام بہاول پور کے صدر قاری عبدالعزیز صاحب شدید علیل ہیں۔ ان کے دو آپریشن ہوئے اور ٹانگ کاٹ دی گئی ہے۔ ابھی تک ہسپتال میں ہیں۔
- مجلس احرارِ اسلام راولپنڈی کے صدر پیر محمد ابوذر صاحب شدید علیل ہیں۔
- مدرسہ معمورہ کا سابق طالب علم حافظ محمد اویس سنجرانی گزشتہ چند ماہ سے شدید علیل ہے۔
- مجلس احرار اسلام چشتیاں کے امیر علی اصغر کے والد اور کارکن رانا عرفان کے والد علیل ہیں۔

احباب وقارئین سے درخواست ہے کہ تمام مریضوں کی صحت یابی کے لیے دعاء فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ سب کو شفاء کاملہ عطاء فرمائے (آمین)

## قبولِ اسلام اور قادیانیت سے توبہ

نارووال (نامہ نگار) محمد نعیم ولد محمد انیس سکنہ داتہ گورائیہ کے رہائشی قادیانی مسلک چھوڑ کر کلمہ طیبہ پڑھ کر دائرہ اسلام میں داخل ہوگئے، بیان حلفی کے مطابق محمد نعیم نے قاری محمد یٰسین خطیب جامع مسجد فیضان مدینہ ماہیانوالہ کے ہاتھوں اسلام قبول کیا۔ (روزنامہ ''پاکستان'' 3؍اگست 2016ء صفحہ 16)



© rasailojaraid.com